## ایک تعارف

او ۔آر۔ آئی۔ ایم سے مراد مواقع، پہچان، باہمی عمل اور عملی نمونہ ہے۔یہ وہ چار طریقے ہیں جن کے ذریعے آپ اپنے بچوں کی ابتدائی تعلیم اور نشونما کر سکتے ہیں۔

او۔ آر۔ آئی۔ ایم ہمیں ان سرگرمیوں کی یاد دلاتا ہے جو ہم اپنے بچوں کی تربیت کے لئے کرتے آ رہے ہیں اور ساتھ ہی یہ ہمیں کچھ نئے طریقے بھی سیکھنے اور سمجھنے میں مدد کرتا ہے، جس کے ذریعے ہمارے بچے کچھ نیا سیکھتے اور اچھا محسوس کرتے ہیں۔



## Opportunities مواقع

بچوں کے لیے کئی چیزیں کرنے اور سیکھنے کے مواقع روزمرہ کے تجربات، معلومات اور سرگرمیوں میں پائے جاتے ہیں۔ روزمرہ کی سرگرمیوں میں عام اور سادہ مثالیں کچھ یوں ہیں:


© Peeple

- آپکا اپنے بچے کو اپنے چہرے کو بغور دیکھنے کا موقع دینا خاص طور پر کھانا کھلا تے یا دودھ پلا تے ہوئے۔
- چھوٹے بچوں کواپنی پسند کے رنگ کا کپ منتخب کرنے دیں اور اس میں اپنی پسند کا شربت ڈالنے دیں۔
- گھریلو استعمال کے برتنوں کے ساتھ کھیلنے کا موقع دیں جیسے کہ کھانا پکانے کے چمچ، چھاننی، دیگچی وغیرہ



آپ کو اس بات کا اندازہ ہوگا کہ اس طرح آپ روزمرہ کے معمولات کو اپنے بچے کی تعلیم وتربیت کے لئے استعمال کر رہے ہیں۔ جس طرح آپ کاموں کو انجام دے رہے ہیں یہی آپکے بچے کی تربیت کے مواقع ہیں جیسے کہ:

- ایک دوسرے کے ساتھ باتیں کرنا اور سننا
- کہانیوں، کتابوں نغموں اور نظموں میں ایک دوسرے کو شامل رکھنا
- جب گھر سے باہر ہوں تواردگرد کا بغور مشاہدہ کرنا مثلا پھولوں اور پتوں کے رنگ دیکھنا، پرندوں کی آوازیں سننا، سڑک یا گلی کے نام پڑھنا ،آتی جاتی ٹریفک پر بات کرنا


© Peeple

- خالی ڈبوں اور گھریلو سامان کو ان کے کھیل میں ایسے شامل کرنا کہ وہ اپنے طریقےسے تجربہ کر سکیں اور اپنے کھیل کا مفید حصہ بن سکیں۔
- اپنے بچے کو نئی چیزیں دیکھنے اور کرنے کے امکانات دینا یا مواقع پیدا کرنا
- ڈرائنگ کرنے کے لئے کاغذ اور لکھنے کا مواد فراہم کرنا
- اپنے بچے کو وقت اور توجہ دینا

ان چیزوں سے واقفیت آپکو بہت سے مواقع فراہم کرتی ہے۔ جس کے ذریعے آپ روزمرہ کی زندگی میں اپنے بچوں کو تعلیم دے سکتے ہیں۔



## ہر موقع سیکھنے کا موقع ہے

## پہچان کرنا Recognition

پہچان کرنے سے مراد بچے کے ہر کام پر توجہ دینا ہے۔ اس عمل میں بچے کی ہر اس کوشش کی قدر کرنا ہےجو بچےنے نیا سیکھنے میں پیش رفت کی ہے۔اس کا مقصد بچے کو یہ باور کرانا ہے کہ وہ جیسے بھی ہیں اُنہیں تسلیم کیا جاتا ہے، اور پیار کیا جاتا ہے۔ یہ ایک بہت سادہ عمل ہے۔ شاید ایک نرم لہجہ یا لفظ

یا پھر خاموشی اور مسکراہٹ کے ساتھ ان کی کوششوں پر مثبت رویہ اپنانا اور ہاں میں سر ہلانا شامل ہے۔



واضع الفاظ میں مثبت تعریف اور حوصلہ افزائی بچوں کی ہمت بڑہانے کے لئے استعمال کئے جا سکتے ہیں۔ یا پھر بہت ہی واضع طور پر تسلیم کرنے کا اندازیہ بھی ہو سکتا ہے کہ بچے کی بنائی ہوئی تصویرکی تعریف کریں اور اُسے فریج یا کسی واضع جگہ پر لگا دیں۔

## روزانہ اپنے بچے کی کوششوں کو سراہیں اور ان کی قدر کریں

- آپ اپنے بچوں کو مختلف انداز میں سراہ سکتے ہیں جیسے کہ :
- آپ انکے ہر کام کو دلچسپی سے دیکھیں
- تعریف، حوصلہ افزائی اور یقین دہانی کرائیں
- ان کی کوششوں اور کامیابیوں کے بارے میں بات چیت کریں
- ان کی سمجھ بُوجھ کی حمایت کریں


© Peeple

- آپ جب ان سے خوش ہوں تو ان کو ضرور بتایئں اور خوشی کا اظہار یقینی بنایئں

بچوں کی تعلیم و تربیت اور نشونما میں پہچان کا مرحلہ بہت کارآمد ثابت ہوتا ہے اور نئی چیزوں کو سیکھنے کی صلاحیت میں حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔

## Interaction باہمی عمل



اس طریقے میں اپنے بچوں کے ساتھ مل جل کر کھیلنا اور مختلف کام سر انجام دینا ہے۔کام کرتے ہوئے بچے کے ساتھ بات چیت کرناکہ وہ کیا کر رہے ہیں اور کیسا محسوس کررہے ہیں۔

آپ کے بچے کی تعلیم وتربیت اور نشونما میں مختلف طریقے مددگار ہو سکتے ہیں، مثال کے طور پر

- ساتھ مل کر کام کرنا اور کام کرتے ہوئے اُس پر بات چیت کرنا
- اُن کاموں میں خود انتظام سمبھالنے دینا جو وہ آسانی سے انجام دے سکتے ہیں اور اُن کے مددطلب کرنے پر انکی مدد کرنا


© Peeple

- بچوں کے جذبات اور اظہار کا مثبت جواب دینا
- کتابوں ،کہانیوں ، نظموں اور گیتوں میں شریک رکھنا
- روزمرہ کے امور جیسےکہ کھانا بنانا ، صفائی کرنا اور دوسرے گھر کے کاموں میں شریک رکھنا
- شروع میں کوئی بھی کام کرکے دکھانا اور وضاحت کرنا
- اُن لمحات میں بچوں کی مدد کرنا جب وہ مایوسی یا مشکل مراحل سے گزر رہے ہوں
- ان کو بہت پیار دینا اور محبت کا اظہار کرنا
- اپنی موجودگی کی یقین دہانی کرانا اور حوصلہ افزائی کرنا

بچوں کے ساتھ باہمی عمل سے اُن کی تربیت اور نشونما میں مدد مل سکتی ہے اور وہ اچھا محسوس کر سکتے ہیں۔

## عملی نمونہ Modelling

یہ وہ طریقہ ہے جس میں آپ کا بچہ آپکے برتاؤ اور مختلف حالات میں آپکے رویوں کو دیکھتا ہے۔ بچے اپنے اردگرد کے ماحول اور لوگوں سے بہت کچھ سیکھتے ہیں۔ جس میں برتاؤ اور رویئے شامل ہیں، خاص طور پر وہ لوگ جن کے ساتھ ان کا اکثر وقت گزرتا ہو اور وہ لوگ جو اُنکو بہت پیار کرتے ہوں

**آپ اپنے بچے کے لیے بہترین نمونہ ہیں!**

آپکا بچہ آپ سے لوگوں کے ساتھ برتاؤکا طریقہ سیکھتا ہے کہ وہ اردگرد کے لوگوں سے کیسے رویئے کی توقع رکھے۔ وہ خاص طور پر آپکے طرزِعمل، روئیوں اور برتاؤ کو بہت جلد اپنی شخصیت کا حصہ بنا لیتا ہے اور ساتھ ہی دوسری چیزیں جیسے لکھنا، پڑھنا اور گننا وغیرہ۔



ہم اُن کے لئے نمونہ اُس وقت بھی ہوتے ہیں جب ہمیں اس بات کا علم نہیں ہوتا۔ وہ ہماری پسند اور ناپسند کو بہت جلد بھانپ لیتے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ لفظوں اور جملوں کا استعمال جو ہم روزانہ کرتے ہیں۔

مندرجہ ذیل چیزیں بچوں کے لئے عملی نمونہ ہو سکتی ہیں۔ ان میں ماں باپ، بڑے لوگ اور TV کے کردار بھی شامل ہو سکتے ہیں۔

- لوگوں کو توجہ سے سننا، ان کی طرف دیکھتے ہوئے مسکرانہ اور توجہ رکھنا۔
- احساسات اور خیالات کو پیش کرنا یا ان کے بارے میں بات کرنا۔


© Peeple 

- معلومات یا پھر لطف اندوزی کے لئے پڑھنا جیسے کہ کتابیں، میگزین، اخبارات وغیرہ
- خریدو فروخت کے لئے فہرست بنانا، کہانی لکھنا، وغیرہ وغیرہ۔
- ان کی کامیابیوں پر فخر اور خوشی کا اظہار کرنا۔
- نئی چیزیں سیکھنا۔

## بچوں کے لئے ماں باپ عملی نمونہ ہوتے ہیں۔

بچے اپنے والدین، اردگرد کے ماحول اور اپنے قریب کے رشتےداروں کو دیکھتے ہوئے بہت جلدسیکھ لیتے ہیں کہ:

- دوسرے لوگوں سے کیسے برتاؤ کیا جاتا ہے۔ لفظ اور فقرے کس طرح سے استعمال میں لائے جاتے ہیں۔
- ہمارے رویئے اور انداز دوسرے لوگوں اور چیزوں کے ساتھ کس طرح کے ہوتے ہیں
- روزمرہ کی سرگرمیاں جیسے:

شاپنگ لسٹ لکھنا، فون پر سے پیغام پڑھنا، کتاب پڑھنا، پیسے گننا، کپڑوں کو ترتیب دینا ، وغیرہ

بچوں کے لیےماں باپ ہمیشہ ایک مثال ہوتے ہیں چاہے ماں باپ جانتے بھی نہ ہوں۔

## ORIM بچوں کو سیکھنے کے عمل میں مدد دینے کا ایک مفید طریقہ ہے۔